پارٹ | 01

قادیانیت مذہب کی نظر میں

مختصر سوالات

سوال نمبر01 | مذہب کی تعریف بیان کریں۔

جواب: زندگی گزارنے کے وہ اصول جو خاص مقصد کے حصول کے لیئے بنائے جاتے ہیں ان کو مذہب کا نام دیا جاتا ہے۔(تقابل ادیان)

سوال نمبر02 | مذہب کے چند بنیادی اصول بیان کریں۔

جواب: 01 | ہر مذہب کے عقائد دوسرے سے جدا ہوتے ہیں۔

02 | ہر مذہب کے اعمال دوسرے سے جدا ہوتے ہیں۔

03 | ہر مذہب کی اصلاحات دوسرے سے جدا ہوتی ہیں۔

04 | ہر مذہب کی پہچان دوسرے سے جدا ہوتی ہے۔

سوال نمبر03 | مذہب کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

جواب: خاص مقاصد کے حصول کے لیئے افراد کو ایک سوچ و عمل پہ اکٹھا کرنے کے لیئے مذہب کی ضرورت پیش آتی ہے۔

سوال نمبر04 | مذاہب کی اقسام بیان کریں:

جواب: 01 | آسمانی مذاہب 02 | انسانی مذاہب 03 | شیطانی مذاہب

سوال نمبر05 | آسمانی مذاہب کی وضاحت کریں:

جواب: ایسے مذاہب جن کی بنیاد (رحمانی) وحی پر ہو آسمانی مذاہب کہلاتے ہیں۔ مثلاً اسلام، عیسائیت، یہودیت

۞ **سوال نمبر 06** | انسانی مذاہب کی وضاحت کریں:

جواب: ایسے مذاہب جن کی بنیاد انسانی عقل (خواہش /غوروفکر) پر ہو انسانی مذاہب کہلاتے ہیں۔ مثلاً ہندومت، بدھ مت، سکھ مت۔

۞ **سوال نمبر 07** | شیطانی مذاہب کی وضاحت کریں:

جواب: ایسے مذاہب جن کی بنیاد شیطانی وساوس/ شیطانی وحی پر ہو شیطانی مذاہب کہلاتے ہیں۔ مثلاً دہری، بہائیت۔

۞ **سوال نمبر 08** | مذاہب کے تقابل کی ضرورت کیوں پیش آتی ہے؟

جواب: مذاہب کے تقابل کا بنیادی مقصد حق وباطل کو واضح کرنا ہوتا ہے تا کہ سچ اور جھوٹ کی پہچان ہو سکے اور یہ بھی واضح ہو جائے کہ کونسا مذہب انسان کی فطری ضروریات کو پورا کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔

۞ **سوال نمبر 09** | کونسے مذاہب کا تقابل عقل سے کیا جاسکتا ہے؟

جواب: وہ مذاہب جن کی بنیاد وحی پر ہے یعنی آسمانی مذاہب انکے سوا انسانی اور شیطانی مذاہب کا تقابل عقل سے کیا جاسکتا ہے

۞ **سوال نمبر 10** | آسمانی مذاہب کا تقابل عقل سے کیوں نہیں کیا جاسکتا؟

جواب: آسمانی مذاہب کا تقابل عقل سے اس لیئے نہیں کیا جاسکتا کیونکہ آسمانی مذاہب کی بنیاد آسمانی وحی پر ہے جو کہ اللہ کا علم ہے جبکہ عقل کی بنیاد انسانی علم پر ہے۔ وحی کامل ہے اور عقل ناقص ہے۔

۞ **سوال نمبر 11** | کیا آسمانی مذاہب کا تقابل سائنس سے کیا جاسکتا ہے؟

جواب: آسمانی مذاہب کا تقابل سائنس سے بھی نہیں کیا جاسکتا کیونکہ سائنس کے اصولوں میں مستقل تبدیلی ہوتی رہتی ہے اور سائنس کی بنیاد انسانی تجربات ومشاہدات ہیں جبکہ وحی کی بنیاد پر ملنے والے مذاہب اٹل ہوتے ہیں اور ان میں کسی قسم کی کوئی تبدیلی خود سے واقع نہیں کی جاسکتی۔

۞ **سوال نمبر 12** | آسمانی مذاہب کا عقل اور سائنس سے تقابل کیوں کروایا جاتا ہے؟

جواب: آسمانی مذاہب کی تنقید وتنقیص کے لیئے عقل وسائنس سے تقابل کروایا جاتا ہے تا کہ عوام کو گمراہ کیا جاسکے اور

مخصوص مقاصد حاصل کیئے جاسکیں۔

سوال نمبر13 | مذاہب کا عقل و سائنس سے تقابل کروانے کا کس کو فائدہ ہوتا ہے؟

جواب: شیطانی مذاہب کو۔جیسے دہریت،الحاد اور اس طرح کی لادین قوتیں عوام کو گمراہ کر کے اپنی طرف متوجہ کرتی ہیں۔

سوال نمبر14 | دنیا کے چند بڑے مذاہب بیان کریں۔

جواب: اسلام،عیسائیت،یہودیت،ہندومت،سکھ مت،بدھ مت،جین مت،کنفیوشس ازم،زرتشت ازم اور مانوی ازم۔

سوال نمبر15 | برصغیر کے بڑے مذاہب کونسے ہیں؟

جواب: اسلام،عیسائیت،ہندومت،بدھ مت اور سکھ مت۔

سوال نمبر16 | کیا ہر مذہب آزادی کا قائل ہے؟

جواب: جی نہیں۔ہر مذہب آزادی دینے کا قائل نہیں ہے۔سب سے زیادہ مذہبی آزادی اسلام ہی دیتا ہے۔بعض ممالک تو دوسرے مذاہب کی عبادت گاہوں تک کو برداشت نہیں کرتے۔